روح اخبار

کتب خانہ دہلی
DELHI

—— سلطان ابن سعود نے ایک معاہدہ کے ذریعہ حکومت مصر کو جدہ سے مکہ معظمہ تک اور مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ تک سڑکیں بنانے کی اجازت دیدی ہے حکومت مصر عنقریب اس کام کو شروع کرنیوالی ہے۔ (خادم الحرمین)

—— جلالۃ الملک ابن سعود کی حکومت نے نجد کے مختلف حصوں میں اب زراعت کا کام بڑے اعلیٰ پیمانہ پر شروع کردیا ہے، اس کیلئے عراق سے ماہرین زراعت کو بلاکر ملک کا معائنہ کرایا گیا ہے اور ساٹھ بڑی بڑی لاریوں پہ ہر قسم کے سامان، بجلی کی مشینیں، زراعت کے آلات، پھلوں اور پھولوں کے بیج منگائے گئے ہیں۔ ضلع حرج میں دس ہزار پودے لگ چکے ہیں، اب دوسرے رقبوں میں بھی کوشش کی جارہی ہے۔ امریکہ سے بھی دس لاریوں پر لدکر سامان آیا ہے۔ (خادم الحرمین)

—— ۳۸ء میں امریکہ کی خواتین نے غازہ وغیرہ چہرہ کی زیبائش اور سنگار کے سامان میں ۵ کروڑ پونڈ یعنی تقریباً ۶۸ کروڑ روپیہ صرف کیا۔ (صدق)

—— برطانیہ میں زنانہ سامان آرائش پر جو نیا ٹیکس تجویز ہوا ہے اس سے اب سرکاری آمدنی ۶۰ لاکھ پونڈ یعنی تقریباً آٹھ سوا آٹھ کروڑ روپیہ سالانہ ہوا کریگی۔ (صدق)

—— یو۔پی کانگریسی حکومت نے اپنے استعفے سے پہلے کاشتکاروں کی بھلائی کیلئے ایک قانون پاس کیا تھا جس کا نام "قانون مزارعین" تھا لیکن اس کا نفاذ گورنر کی منظوری پر موقوف تھا اب گورنر نے بھی اس کی منظوری دیدی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ زمیندار اس قانون کے خلاف استغاثہ دائر کرینگے (تیج)

—— دہلی میں ریلوے کے تیسرے درجہ کے مسافروں کی ایک انجمن بنائی گئی ہے۔ اس کا مقصد ریلوے کے مسافروں کے حقوق کا تحفظ کرنا اور انھیں محکمہ ریلوے سے ایسی سہولتیں دلانا ہے جن سے وہ زیادہ سہولت آرام اور شان سے سفر کرسکیں۔ یہ انجمن انتظام کررہی ہے کہ ریلوے اسٹیشن پر والنیٹر بھیجے جائیں جو مسافروں کی امداد کرینگے اور انھیں ہر طرح کی واقفیت مہیا کریں گے۔ (تیج)

—— ۸ر دسمبر معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی نے شکر کی قیمت میں ½ ۲ من اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، کیونکہ لڑائی کی وجہ سے شکر تیار کرنے کی لاگت بڑھ گئی ہے۔ (تیج)

(منیجر)

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔